**Series A6BAB/C** **Set No. 3**

Q.P. کوڈ

**Q.P. Code 264/6/3**

رول نمبر

Roll No.

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

ACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCY

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **14** ہے۔
- سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامہ میں چھپے سوالات کی تعداد **12** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- *Please check that this question paper contains **14** printed pages.*
- *Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.*
- *Please check that this question paper contains **12** questions.*
- ***Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.***
- *15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.*

ACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCYACCOUNTANCY

# اکاؤنٹینسی

# ACCOUNTANCY (Urdu Version)

وقت : ۲ گھنٹے | کل نمبر : ۴۰

Time allowed : 2 hours | Maximum Marks : 40

عمومی ہدایات :

مندرجہ ذیل ہدایات کو بہت غور سے پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے :

(i) اس سوال نامہ کے دو حصّے ہیں۔ **حصّہ A** اور حصّہ B اس سوالنامے میں **12** سوال ہیں۔ سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) **حصّہ A** – تمام طلباء کے **لازمی** ہیں۔

(iii) **حصّہ B** – ، میں دو متبادلات ہیں۔یعنی (1) مالی گوشواروں کا تجزیہ اور (2) کمپیوٹرائزڈ کھاتہ داری۔ طلباء کو دیے گئے متبادلات میں سے صرف ایک ہی متبادل کے جوابات دینے ہیں۔

(iv) سوال نمبر **1** سے 3 اور **10** مختصر جواب ٹائپ-I کے سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے **2** نمبر ہیں۔

(v) سوال نمبر **4** سے **6** اور **11** مختصر جواب ٹائپ-II والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کے **3** نمبر ہیں۔

(vi) سوال نمبر **7** سے **9** اور **12** طویل جواب ٹائپ کے سوال ہیں۔ ہر سوال کے **5** نمبر ہیں۔

(vii) کوئی مجموعی متبادل نہیں ہے، حالانکہ **3** نمبر والے **3** سوالوں میں اور 5 نمبر والے 1 سوال میں داخلی انتخاب فراہم کیا گیا ہے۔

## حصّہ ـ A
## (غیر منفعتی تنظیموں، ساجھے داری فرموں اور کمپنیوں کے لیے کھاتہ داری)

**1.** آمدنی اور خرچ کھاتہ کی کوئی دو خصوصیات بیان کیجیے۔ 2

**2.** شرد، شرما، سنگھ اور شری ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور وہ 1 : 2 : 3 : 4 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو بانٹتے تھے۔ فرم اپنی کتابیں ہر سال 31 مارچ کو بند کرتی ہے۔ 31 مارچ 2022 کو شری سبکدوش ہوا اور اُس کے حصے کو شرد، شرما اور سنگھ نے 4 : 3 : 2 کے تناسب میں لے لیا۔

شری کی سبکدوشی کے بعد باقی ساجھے داروں کے منافع کی تقسیم کے نئے تناسب کا حساب لگایئے۔ 2

3. ورما، دھرما اور کرما ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 3 : 3 : 4 کے تناسب میں نفع اور نقصان بانٹتے تھے۔ فرم اپنی کتابیں ہر سال 31۔مارچ کو بند کرتی ہے۔ 31 مارچ 2022 کو ورما سبکدوش ہوا۔ ورما کی سبکدوشی پر فرم کی ساکھ کا تعیّن قدر ₹ 2,70,000 کیا گیا۔

ساکھ کھاتہ کھولے بغیر ورما کی سبکدوشی پر ساکھ کھاتے کا ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔ 3

4. (a) BX لمٹیڈ نے پی کیو اینڈ کمپنی کے ₹ 3,00,000 کی قیمت کی عمارت، ₹ 2,00,000 کی قیمت کی مشینری، ₹ 30,000 کی قیمت کا فرنیچر اور اُس کی ₹ 40,000 کی دین داریوں کو ₹ 6,00,000 کی قیمتِ خرید پر لے لیا۔ بی۔ ایکس لمٹیڈ نے قیمتِ خرید کی ادائیگی ₹ 100 فی عدد کے 11% قرض نامے کو 20% پریمیم پر جاری کر کے کی۔

مندرجہ بالا لین دین کے لیے بی۔ ایکس لمٹیڈ کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 3

**یا**

(b) ایکس۔ زیڈ لمٹیڈ نے ₹ 100 فی عدد کے 5000، 9% قرض ناموں کو جاری کرنے کے لیے درخواستیں طلب کیں۔ رقم کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے سے کی جانی تھی :

درخواستوں پر — ₹ 40 فی قرض نامہ

الاٹمنٹ پر — باقی

10,000 قرض ناموں کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔ 2000 قرض ناموں کے لیے درخواستیں مسترد کر دی گئیں اور ان درخواست کنندگان کو اُن کی درخواست کی رقم واپس کر دی گئی۔ باقی سرمایہ کاروں کو مناسبی بنیاد پر قرض نامے جاری کر دیے گئے۔ اُن درخواستوں کے ہمراہ موصول فاضل درخواست کو جن کے مقابل مناسبی الاٹمنٹ کیا گیا تھا، الاٹمنٹ پر واجب رقم میں محسوب کر لیا گیا۔

ایکس۔ زیڈ لمٹیڈ کی کتابوں میں قرض ناموں کے اجراء کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات داخل کیجیے۔ 3

**.5** A، B اور C ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 2 : 3 : 5 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو بانٹتے تھے۔ فرم اپنی کتابیں ہر سال 31 مارچ کو بند کرتی ہے۔ 30 جون 2021 کو A کی موت ہو گئی۔ ساجھے داری معاہدے میں یہ شق دی گئی تھی کہ کسی ساجھے دار کی موت پر موت کے سال میں فرم کے منافع میں اُس کے حصے کا حساب پچھلے دو برسوں کے اوسط منافع کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ پچھلے دو برسوں میں فرم کے منافع حسبِ ذیل تھے :

| سال | منافع (₹) |
|---|---|
| 2019 – 2020 | 70,000 (**نقصان**) |
| 2020 – 2021 | 2,70,000 |

موت کی تاریخ تک فرم کے منافع میں A کے حصے کا حساب لگایئے اور اُسی تاریخ پر اس کے لیے ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔ 3

**.6** (a) 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے آشا ہیلتھ کلب کا وصولی و ادائیگی کھاتہ ₹ 70,000 کا موصول چندہ دکھا رہا تھا۔ اضافی معلومات حسبِ ذیل ہیں :

(i) 31 مارچ 2022 کو موصول پیشگی چندہ ₹ 7,000 تھا۔

(ii) 31 مارچ 2021 کو موصول پیشگی چندہ ₹ 4,000 تھا۔

(iii) 31 مارچ 2022 کو واجب الادا چندہ ₹ 8,000 تھا۔

(iv) 31 مارچ 2021 کو واجب الادا چندہ ₹ 3,000 تھا۔

31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے آمدنی و خرچ کھاتے کے جمع خانے میں کٹوتی کیے جانے والے چندے کی رقم کا حساب لگایئے۔ 3

**یا**

(b) جیم کلب کی کیش بُک سے لیے گئے مندرجہ ذیل گوشواروں سے 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے وصول وادائیگی کھاتہ تیار کیجیے : 3

| | رقم ₹ |
|---|---|
| اوپننگ بیلنس : | |
| نقد در دست | 15,000 |
| بینک میں نقد | 12,000 |
| چندہ | 1,02,000 |
| خریدی گئی سرمایہ کاریاں | 15,000 |
| بقایا کرایہ | 6,000 |
| حاصل شدہ انٹرینس فیس (پچھلے سال کے ₹ 10,000 شامل کرکے) | 36,000 |
| اختتامی بیلنس | |
| نقد در دست | 15,000 |

**7.** لکشمی کلب کے مندرجہ ذیل وصولی اور ادائیگی کھاتے، سے 31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے آمدنی اور خرچ کھاتہ تیار کیجیے :

**31 مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے لکشمی کلب کا وصولی و ادائیگی کھاتہ**

| وصولیابی | رقم ₹ | ادائیگی | رقم ₹ |
|---|---|---|---|
| باقی نیچے لائے | | طباعت واسٹیشنری | 65,000 |
| نقد 40,000 | | بجلی بل | 54,000 |
| بینک 70,000 | 1,10,000 | میونسپل ٹیکس | 35,000 |
| چندہ | 5,30,000 | بیمہ قسط | 10,000 |
| داخلہ فیس | 46,000 | فرنیچر | 2,00,000 |
| تاحیات ممبری فیس | 40,000 | میعادی جمع | 3,00,000 |
| میعادی جمع پر سود | 13,500 | باقی نیچے لے گئے | |
| عطیہ | 1,20,000 | نقد 1,03,500 | |
| لاکر کرایہ | 28,000 | بینک 1,20,000 | 2,23,500 |
| | 8,87,500 | | 8,87,500 |

اضافی معلومات :

کلب کے 500 ممبر ہیں۔ ہر ممبر 1,000 ₹ سالانہ چندہ ادا کرتا ہے۔ 5

**.8** (a) روی، موہن اور پانڈے ایک فرم کے ساجھے دار تھے اور 9 : 8 : 7 کے تناسب میں نفع اور نقصان کو بانٹتے تھے۔ 31 مارچ 2022 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسبِ ذیل تھی :

**31 مارچ 2022 کو روی، موہن اور پانڈے کی بیلنس شیٹ**

| دین داریاں | | رقم ₹ | اثاثے | | رقم ₹ |
|---|---|---|---|---|---|
| لین دار | | 1,41,000 | بینک | | 27,000 |
| | | | اسٹاک | | 91,000 |
| | | | دین دار | 2,10,000 | |
| عام سرمایہ | | 24,000 | مشکوک قرضوں کے لیے انتظام | 10,000 | 2,00,000 |
| پونجی : | | | | | |
| روی | 3,00,000 | | مشینری | | 3,00,000 |
| موہن | 4,00,000 | | آراضی وعمارت | | 10,00,000 |
| پانڈے | 8,43,000 | 15,43,000 | (سال 22-2021 کا خسارہ) نفع ونقصان کھاتہ | | 90,000 |
| | | 17,08,000 | | | 17,08,000 |

31 مارچ 2022 کو موہن مندرجہ ذیل شرطوں پر فرم سے سبکدوش ہوا۔

(i) فرم کی ساکھ کا تعین قدر ₹ 4,80,000 پر کیا گیا۔

(ii) ساکھ میں موہن کے حصے کے کھتونی اُس کے پونجی کھاتے کے جمع خانے میں ساکھ کھاتہ کھولے بغیر کی جائے گی۔

(iii) ₹ 10,000 کے دینداروں کو قلم زد کیا جائے گا اور دین داروں پر ڈوبے ہوئے اور مشکوک قرضوں کے لیے 10% کا انتظام کیا جائے گا۔

(iv) مشینری پر 10% کی فرسودگی لگائی جائے گی اور آراضی عمارت کو 5% سے بڑھایا جائے گا۔

(v) موہن کے پونجی کھاتے کا باقی حصّہ اُس کے قرض کھاتے میں منتقل کیا جائے گا۔

5 موہن کی سبکدوشی پر فرم کی کتابوں میں از سر نو تعین قدر کھاتہ اور موہن کا پونجی کھاتہ تیار کیجیے۔

## یا

(b) C ,B اور D ایک فرم کے ساجھے دار تھے، اور 1 : 2 : 2 کے تناسب میں نفع اور نقصان بانٹتے تھے۔ 31۔ مارچ 2022 کو اُن کی بیلنس شیٹ حسبِ تھی :

### 31 مارچ 2022 کو C ,B اور D کی بیلنس شیٹ

| دین داریاں | ₹ رقم | اثاثے | ₹ رقم |
|---|---|---|---|
| متفرق لین دار | 1,20,000 | بینک | 17,000 |
| نفع نقصان کھاتہ | 2,000 | دین دار 2,00,000 | |
| پونجی : | | نفی۔ دوبتے قرضوں کے | |
| B 13,00,000 | | لیے انتظام 5,000 | 1,95,000 |
| C 2,00,000 | | اسٹاک | 4,50,000 |
| D 2,00,000 | 17,00,000 | فرنیچر | 60,000 |
| | | آراضی و عمارت | 11,00,000 |
| | 18,22,000 | | 18,22,000 |

مذکورہ بالا تاریخ کو فرم تحلیل کر دی گئی۔ اثاثوں سے وصولی اور دین داریوں کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے سے کی گئی :

(i) دین داروں کو کتابی قیمت سے 10% کم پر ایک قرض وصول کرنے والی ایجنسی کو فروخت کر دیا گیا۔

(ii) ₹ 2,00,000 کا اسٹاک B نے کتابی قیمت سے ₹ 90,000 کم پر لے لیا اور باقی اسٹاک سے ₹ 1,80,000 کی وصولی ہوئی۔

(iii) فرنیچر کو C نے ₹ 65,000 پر لے لیا۔

(iv) لین داروں کو اُن کی رقم کی مکمل ادائیگی کی شکل میں 10% کم ادائیگی کی گئی۔

(v) آراضی اور عمارت سے ₹ 18,00,000 کی وصولی ہوئی۔

(vi) B کو تحلیل سے متعلق کام کرنے کی ذمہ داری دی گئی جس کے لیے اُسے ₹ 40,000 کی ادائیگی کرنی تھی۔

وصولی کھاتہ تیار کیجیے۔ 5

**9.** مندرجہ ذیل حالات میں 9% قرض ناموں کے اجراء کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات داخل کیجیے : 5

(a) ₹ 100 فی عدد کے ₹ 5,00,000، 9% قرض ناموں کا اجراء کیا گیا جن کا تصفیہ تین سال بعد اجراء کرنا ہے۔

(b) ₹ 100 فی عدد کے 4,000، 9% قرض ناموں کا اجراء 3% بٹّے پر کیا گیا جن کا تصفیہ پانچ سال بعد 10% پریمیم پر کرنا ہے۔

(c) ₹ 100 فی عد کے 10,000، 9% قرضوں ناموں کا اجراء 20% پریمیم پر کیا گیا جن کا تصفیہ پانچ سال بعد 10% پریمیم پر کرنا ہے۔

## حصّہ۔B

### متبادل 1

### (مالی گوشواروں کا تجزیہ)

**10.** 'نقدی بہاؤ گوشوارہ' تیار کرنے کے بنیادی مقصد کو بیان کیجیے۔ 2

**.11** (a) مندرجہ ذیل معلومات سے ایکس۔ایل لمٹیڈ کا 31 مارچ 2021 اور 31 مارچ 2022 کو عام سائز کی بیلنس شیٹ تیار کیجیے : 3

## ایکس۔ایل لمٹیڈ کی

## 31 مارچ 2022 کو بیلنس شیٹ

| 31.03.2021 ₹ | 31.03.2022 ₹ | نوٹ نمبر | تفصیل |
|---|---|---|---|
| | | | **I۔اکوئٹی اور دین داریاں** |
| | | | 1. حصص داران کے فنڈ |
| 6,00,000 | 10,00,000 | | (a) اکوئٹی حصص سرمایہ |
| 1,00,000 | 2,00,000 | | (b) ریزرو اور فاضل سرمایہ |
| | | | 2. قائم دین داریاں |
| 2,00,000 | 5,00,000 | | 8% قرض نامے |
| | | | 3. رواں دین داریاں |
| 1,00,000 | 3,00,000 | | کاروباری ادائیگی |
| 10,00,000 | 20,00,000 | | کل |
| | | | **II۔اثاثے** |
| | | | 1. قائم اثاثے |
| 8,00,000 | 12,00,000 | | مستقل اثاثے |
| 2,00,000 | 8,00,000 | | 2. رواں اثاثے |
| 10,00,000 | 20,00,000 | | کل |

**یا**

(b) آر۔جے لمٹیڈ کے مندرجہ ذیل نفع۔نقصان گوشوارے 31مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے ایک تقابلی نفع۔نقصان گوشوارہ تیار کیجیے : 3

## آر۔جے لمٹیڈ کی

## 31مارچ 2022 کو ختم ہوئے سال کے لیے نفع۔نقصان گوشوارہ

| تفصیل | نوٹ نمبر | 2021 – 22 ₹ | 2020 – 21 ₹ |
|---|---|---|---|
| محاصلِ عمل کاری | | 20,00,000 | 15,00,000 |
| مراعات ملازمین کے اخراجات | | 8,00,000 | 4,00,000 |
| دیگر اخراجات | | 2,00,000 | 1,00,000 |
| 50% ٹیکس در | | | |

**.12** 31 مارچ 2022 کو پی پی لمٹیڈ کی مندرجہ ذیل بیلنس شیٹ سے عمل کاری کی سرگرمیوں سے نقدی کے بہاؤ کا حساب لگائیے : 5

## پی پی لمٹیڈ

## کی 31 مارچ 2022 کی بیلنس شیٹ

| تفصیل | نوٹ نمبر | 31.03.2022 ₹ | 31.03.2021 ₹ |
|---|---|---|---|
| **I۔ اکوئٹی اور دین داریاں** | | | |
| 1. حصص داران کے فنڈ | | | |
| (a) حصص سرمایہ | 1 | 70,00,000 | 50,00,000 |
| (b) ریزرو اور فاضل سرمایہ | 2 | 10,00,000 | 8,00,000 |
| 2. قائم دین داریاں | | | |
| طویل مدتی قرض | 3 | 20,00,000 | 15,00,000 |
| 3. رواں دین داریاں | | | |
| (a) کاروباری ادائیگی | | 2,00,000 | 1,00,000 |
| (b) قلیل مدتی انتظام | 4 | 50,000 | 80,000 |
| کل | | 1,02,50,000 | 74,80,000 |
| **II۔ اثاثے** | | | |
| 1. قائم اثاثے | | | |
| (a) مستقل اثاثے | | | |
| (i) ناقابل منتقلی | 5 | 65,00,000 | 40,00,000 |
| (ii) قابل منتقلی | 6 | 2,00,000 | 3,00,000 |

| 31.03.2021 ₹ | 31.03.2022 ₹ | نوٹ نمبر | تفصیل |
|---|---|---|---|
| 15,00,000 | 10,00,000 | | (b) طویل مدتی قرض وپیشگی |
| | | | 2. رواں اثاثے |
| 7,00,000 | 6,00,000 | | (a) مال فہرست (اسٹاک) |
| 3,00,000 | 5,00,000 | | (b) کاروباری خرچ |
| 6,80,000 | 14,50,000 | | (c) نقد اوراس کے متبادلات |
| 74,80,000 | 1,02,50,000 | | کل |

**کھاتے کے ملاحظات :**

| 31st March, 2021 ₹ | 31st March, 2022 ₹ | تفصیل | نوٹ نمبر |
|---|---|---|---|
| 50,00,000 | 70,00,000 | حصص سرمایہ<br>اکوئٹی حصص سرمایہ | 1 |
| 8,00,000 | 10,00,000 | محفوظ وفاضل سرمایہ<br>(فاضل یعنی نفع۔نقصان گوشوارے کابقیہ) | 2 |
| 15,00,000 | 20,00,000 | طویل مدتی اُدھار<br>6% قرض نامے | 3 |
| 80,000 | 50,000 | قلیل مدتی انتظام<br>ٹیکس انتظام | 4 |
| 40,00,000 | 65,00,000 | ناقابل منتقلی اثاثے<br>آراضی وعمارت | 5 |
| 3,00,000 | 2,00,000 | قابل منتقلی اثاثے<br>**ساکھ** | 6 |

**اضافی معلومات :**

6% قرض ناموں پر ₹ 90,000 سود کی ادائیگی کی گئی۔

## حصّہ-B

## متبادل 2

### (کمپیوٹرائزڈ کھاتہ داری)

**10.** ٹیلی سافٹ ویئر کے مطابق "گروپ آف اکاؤنٹ" کا مطلب بتائیے۔ 2

**11.** (a) ٹیلی سافٹ ویئر میں بینک تطبیقی گوشوارہ (Reconciliation Statement) کی تیاری کے مراحل بیان کیجیے۔ 3

**یا**

(b) اکاؤنٹنگ سافٹ ویئر کی سیکورٹی خصوصیات کی شکل میں 'پاسورڈ سیکورٹی' اور 'ڈیٹا آڈٹ' کو سمجھائیے۔ 3

**12.** ٹیلی سافٹ ویئر میں استعمال کیے جانے والے تین طرح کے واؤچروں اور واؤچروں کی نمبرنگ کے دو طریقوں کی وضاحت کیجیے۔ 5